وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی

دفتر رجسٹرار، انتظامی بلاک، گلشن اقبال کیمپس، کراچی 75300

تاریخ ۱۵/ جون ۲۰۲۰ء   مجاریہ/ درا/ ۱۲۶۵/ ۲۰۲۰ء

اعلامیہ

بعد از منظوری مجاز اتھارٹی، اکیڈمک کونسل اجلاس 26th (ہنگامی) منعقدہ ۱۲/ جون ۲۰۲۰ء کی شق نمبر (۱) کے فیصلے کی روشنی میں وفاقی اُردو یونیورسٹی کے تینوں کیمپسز میں بتاریخ ۱۵/ جون ۲۰۲۰ء سے بمطابق درج ذیل آن لائن کلاسز کا آغاز کیا جا رہا ہے۔

۱۔ اساتذہ اپنے گھر یا دیگر مناسب مقامات سے آن لائن کلاس کا انعقاد کرسکیں گے اور کسی ضرورت کی صورت میں اپنے شعبہ جات کے دفاتر، تدریسی کمروں یا اس مقصد کے لیے یونیورسٹی میں فراہم کیے جانے والے مقامات کا استعمال کرسکیں گے۔

۲۔ آن لائن کلاس کے انعقاد کے فوری بعد اساتذہ کلاس کے موضوع اور طلبہ کی حاضری سے متعلق صدر/ انچارج شعبہ کو بذریعہ ای میل آگاہ کریں گے۔

۳۔ ایک آن لائن کلاس کا مجموعی دورانیہ ۶۰ منٹ ہوگا۔ جس میں چالیس منٹ تدریس جبکہ ۲۰ (بیس) منٹ طالبعلم کے ساتھ سوال و جواب کے لیے مختص ہوں گے۔

۴۔ اگر طالب علم چاہے تو آن لائن کلاسز کا سمسٹر منجمد (Freeze) کروانے کی درخواست بتوسط صدر/ انچارج شعبہ و رئیس کلیہ بذریعہ ای میل دے سکے گا۔

۵۔ تمام شعبہ جات اپنے سابقہ نظام الاوقات (Time table) کے تحت ہی تدریس کریں گے (جیسا کہ لاک ڈاؤن سے قبل تھا) لیکن نظام الاوقات کو رئیس کلیہ، صدر شعبہ، متعلقہ اُستاد اور طلبہ کی مشاورت سے تبدیل کرسکتے ہیں۔

۶۔ صدور/ انچارج شعبہ آن لائن تدریس سے متعلق مسائل سے آگہی اور ان کے حل کے لیے مرحلہ وار COVID-19 کے SOPs کے مطابق اساتذہ کیساتھ ہفتہ وار میٹنگ کا انعقاد کریں گے۔ جس کی رپورٹ متعلقہ رئیس کلیہ کو دی جائیگی۔

۷۔ درجِ بالا آن لائن تدریسی پالیسی کیساتھ وفاقی اُردو یونیورسٹی کے دیگر تمام متعلقہ تدریسی قواعد وضوابط نافذ العمل رہیں گے۔

۸۔ آن لائن تدریس کے لیے دستیاب دیگر ذرائع بشمول آن لائن ریڈیو اور ٹی وی کو استعمال کرنے کے لیے ماہرین کی رائے کے مطابق تعلیمی سہولیات کی دستیابی کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

رجسٹرار

نقل برائے اطلاع وضروری کارروائی:

۱۔ دفتر شیخ الجامعہ   ۲۔ جملہ رؤسائے/انچارج کلیہ جات   ۳۔ انچارج اسلام آباد کیمپس

۴۔ صدور وانچارج شعبہ جات (کراچی/اسلام آباد)   ۵۔ ٹریژرار   ۶۔ آڈٹ آفیسر

۷۔ متعلقہ مسل   ۸۔ دفتری نقل

دفتر (کراچی) فون 8-9244141-021 فیکس 021-99244272

دفتر-G-7/1 (واپڈا ہاؤس) زیرو پوائنٹ، اسلام آباد، فون 4-9252861-051 فیکس 051-9252855

registrar@fuuast.edu.pk   http://www.fuuast.edu.pk